© rasailojaraid.com



اللہ کے خط کا خلاصہ یہ ہے کہ..... اب مشرقی و مغربی پاکستان کے ایک رہنے کا کوئی امکان نہیں رہا ہے۔ ان کو متحد کرنے کی کوشش کرنا لاحاصل ہے۔ لہٰذا خوش دلی کے ساتھ علیحدگی کی فکر کرنی چاہیے۔ظفر اللہ خان لکھتے ہیں۔ کہ اب امساک بالمعروف (اچھی طرح مل کر رہنا) ممکن نہیں رہا ہے۔ تسریح بالاحسان (نیک دلی کے ساتھ علیحدگی) کا راستہ رہ گیا ہے۔"

جب قادیانیوں کی خواہش کے عین مطابق بنگلہ دیش بن گیا تو انہوں نے اپنے مکانوں پر چراغاں کیا۔ شیرینی بانٹی اور لاہور و ربوہ میں رقص کیا۔ بد قسمتی سے پاکستان میں کبھی احتساب کی روایت قائم نہ ہو سکی۔ ورنہ پاکستان کی سرزمین کو دو ٹکڑوں میں تقسیم کر دینے والے جرنیل، سیاستدان، بیورو کریٹ اور قادیانی گماشتے اپنے عبرتناک انجام سے کسی صورت بچ سکتے اور نہ پاکستان کا وجود زخم زخم ہوتا اور نہ ہی یہ ملک مشکلات و مصائب کے جال میں یوں پھنستا، جیسا کہ آج آزمائشوں کے کڑے امتحانوں اور بحرانوں کی لپیٹ میں ہے۔

بقیہ از ص 14

آپ نے کہا کہ اسلامی نظام ایک دن میں نافذ نہیں ہو سکتا۔ معاف کیجئے گا۔ ہمیں آپ سے اتفاق نہیں۔ یہ ملک اسلام ہی کے نام پر حاصل کیا گیا تھا۔ کسی لادینی جمہوری یا اشتراکی نظریے کی بنیاد پر نہیں، تقسیم کے وقت سے لے کر تا ہنوز مسلمانانِ پاکستان اسلامی نظام کے نفاذ کے متمنی و منتظر ہیں۔ زمین زرخیز بھی ہے اور پہلے سے تیار بھی اس لئے اس میں یہ بیج فوری طور پر بویا جا سکتا ہے۔ آپ کی بات تو مغرور ذہنوں کی پیداوار ہے۔ بارہا کے مطالبوں کو جب پذیرائی نہیں ملی تو نوجوانان ملت اسلام آباد ہی کی طرف مارچ کریں گے۔ دلی، لندن یا واشنگٹن کی طرف نہیں۔ ہماری درخواست ہے نظام اسلام بذریعہ آرڈیننس نافذ کر کے دیکھ لیں، فلاح آپ کے قدم چومے گی۔ ہماری معاشی و معاشرتی بدحالی اور سیاسی جانکنی اساس پاکستان سے بے پناہ عہد شکنیوں کا وبال ہے۔ ابھی وقت ہے ہم سنبھل جائیں۔

## مسافرانِ آخرت

● پاکستان کے معروف عالم دین حضرت مفتی سید عبدالشکور ترمذی رحمہ اللہ ● مولانا زاہد الراشدی کے ماموں زاد جناب محمد یونس مرحوم ● مولانا عبدالمنان رحمہ اللہ (والد ماجد حافظ محمد عطاء اللہ احرار، چشتیاں) ● والدہ مرحومہ، حافظ محمد اشرف صاحب (رحیم یار خان) ● والدہ مرحومہ جام حاجی دوست محمد منڈھیرا (ماہڑہ ضلع مظفر گڑھ) ● مجلس احرار اسلام کراچی کے رکن جناب محمود احمد کی خالہ مرحومہ ● جامع مسجد چیچہ وطنی کے سابق مؤذن اور مجلس احرار اسلام کے قدیم معاون محترم بابا اللہ بخش مرحوم ● محترم حاجی حق نواز صاحب مرحوم امیر جمعیت علماء اسلام ضلع ملتان

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے اور اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطاء فرمائے پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے (آمین) قارئین سے درخواست ہے کہ دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا خاص اہتمام فرمائیں (ادارہ)

© rasailojaraid.com